**22.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

-------------------------------

☆ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے Davos میں وزیراعظم نریندر مودی کی ستائش کی ہے۔ انہوں نے اعتماد کا اظہار کیا کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان جلد ہی تجارتی معاہدہ ہوگا۔

☆ سپریم کورٹ نے مدھیہ پردیش کے دھار ضلع میں متنازعہ بھوج شالہ - کمال مولا مسجد میں کل وسنت پنچمی کے موقع پر ہندوؤں کو پوجا اجازت دی ہے، مسلمان دوپہر ایک بجے سے 3 بجے کے درمیان جمعہ کی نماز ادا کرسکیں گے۔

☆ بھارت اور یوروپی یونین آئندہ ہفتے نئی دلّی میں سکیورٹی اور دفاع سے متعلق نئی شراکت داری پر دستخط کریں گے۔ یوروپی یونین نے یوروپ کی اقتصادی مضبوطی اور استحکام کیلئے بھارت کو اہمیت کا حامل قرار دیا ہے۔

☆ بھارت سمیت جی-4 نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل میں اصلاحات کے سلسلے میں جلد اقدامات پر یہ کہتے ہوئے زور دیا ہے کہ اس میں تاخیر سے انسانوں کو پہنچنے والی اذیت میں اضافے کا خطرہ ہے۔

☆ سونے اور چاندی کی قیمتوں میں گراوٹ آئی ہے۔

☆ اور بیڈمنٹن میں، پی وی سندھو اور لکشیہ سین انڈونیشیا ماسٹرس ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**TRUMP-PM MDOI**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے Davos میں عالمی اقتصادی فورم میں وزیراعظم نریندر مودی کی تعریف کی ہے۔ امریکی صدر نے جناب مودی کو ایک قریبی دوست بتاتے ہوئے اس اعتماد کا اظہار کیا ہے کہ بھارت اور امریکہ جلد ہی ایک تجارتی معاہدے پر متفق ہوں گے۔

ان کا یہ تبصرہ واشنگٹن اور نئی دلّی کے درمیان تجارتی معاہدے سے متعلق تعطّل کو حل کرنے کے سلسلے میں جاری ثالثی کے درمیان آیا ہے۔ ایک ممکنہ تجارتی سمجھوتے پر براہ راست سوال کرتے ہوئے، امریکی صدر نے کہا کہ وہ ایک اچھا تجارتی سمجھوتہ کرنے والے ہیں۔×

## INDIA-EU PACT

بھارت اور یوروپی یونین اگلے ہفتے نئی دلّی میں ہونے والے EU-India سمٹ میں سکیورٹی اور دفاع سے متعلق شراکت داری پر ایک نئے سمجھوتے پر دستخط کرنے کے ساتھ ہی اپنے اسٹریٹجک تعلقات کو مزید مضبوط کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ یوروپی یونین کی خارجہ پالیسی کی سربراہ Kaja Kallas نے کل شام فرانس میں Strasbourg میں یوروپین پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس معاہدے سے دونوں ملکوں کے درمیان بحری سکیورٹی، انسداد دہشت گردی، سائبر ڈیفنس اور بحری شعبہ میں بیداری سمیت کئی کلیدی شعبوں میں تعاون کو گہرا کرے گا، جس کے تحت بھارت - بحرالکاہل خطے میں استحکام پر توجہ مرکوز کرنا بھی شامل ہوگا۔

اس معاہدے پر دستخط اگلے ہفتے یوروپی یونین کی صدر Ursula von der Leyen اور یوروپی کونسل کے صدر Antonio Costa کے بھارت دورے کے دوران کئے جائیں گے۔ اگلے ہفتے یہ دونوں صدور یوم جمہوریہ کی تقریبات میں مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ دونوں لیڈر وزیراعظم نریندر مودی کے ساتھ اس ماہ کی 27 تاریخ کو 16 ویں India-EU Summit کی صدارت کریں گے۔×

## INDIA GROWTH DAVOS

گذشتہ 10 سال کے دوران بھارت نے بڑے پیمانے پر ڈیجیٹل بنیادی ڈھانچے اور شاندار ترقی کی بدولت حقیقی تبدیلی دیکھی ہے، جس کے نتیجے میں ملک ایک اہم عالمی قوت بن گیا ہے۔ شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر کے-رام موہن نائیڈو اور گجرات کے نائب وزیرِ اعلیٰ ہرش سنگھوی نے یہ بات کل سوئٹزرلینڈ کے شہر Davos میں ایک پروگرام میں اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہی، جس کا اہتمام عالمی اقتصادی فورم کی سالانہ میٹنگ کے موقع پر کیا گیا تھا۔ شہری ہوا بازی کے مرکزی وزیر نے یہ بھی کہا کہ بھارت، عالمی اقتصادی نظام کا ایک لازمی حصہ بنتا جارہا ہے اور اِسے محض ابھرتی ہوئی معیشت نہیں کہا جاسکتا۔x

## SC BASANT PANCHAMI MP

سپریم کورٹ نے مدھیہ پردیش کے دھار ضلع میں متنازعہ Bhojshala-Kamal Maula مسجد میں کل بسنت پنچمی کے موقع پر ہندوؤں کو سورج کے طلوع ہونے سے غروب ہونے تک پوجا ارچنا کی اجازت دے دی ہے، جبکہ کل ہی

مسلمان ایک بجے سے تین بجے تک جمعہ کی نماز ادا کرسکیں گے۔ عدالت عالیہ نے یہ ہدایت بھی دی ہے کہ نمازیوں کی فہرست ضلع انتظامیہ کو فراہم کی جانی چاہیئے۔ فریقین نے بھوج شالہ کمپلیکس میں جمعہ کے دن مذہبی سرگرمیوں کی اجازت مانگی تھی کیونکہ بسنت پنچمی پر وہاں سرسوتی پوجا بھی کی جاتی ہے۔ بھارت کے چیف جسٹس سوریہ کانت اور جسٹس Joymalya Bagchi اور جسٹس Vipul M Pancholi نے دونوں فریقوں سے اپیل کی ہے کہ وہ باہمی طور پر احترام کریں اور امن و قانون برقرار رکھنے کیلئے ریاست اور ضلع انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔ x

## COUR SAJJAN KUMAR

آج دلّی کی ایک عدالت نے کانگریس کے پارلیمنٹ کے سابق ممبر سجّن کمار کو 1984 کے سِکھ مخالف فسادات کے دوران راجدھانی دلّی میں جنک پوری اور وِکاس پوری علاقوں میں تشدد بھڑکانے سے وابستہ مقدمے سے بَری کردیا ہے۔ خصوصی جج Dig Vinay Singh نے 78 سالہ کمار کو بَری کرنے کا مختصر حکم دیا۔ اگست 2023 میں ایک عدالت نے کانگریس کے سابق ممبر پارلیمنٹ پر فسادات کیلئے اُکسانے اور مخاصمت کو بڑھاوا دینے کا الزام عائد کیا تھا، جبکہ انہیں قتل اور مجرمانہ سازش کے الزامات سے بری کردیا تھا۔x

## TARFFIC ADVISORY BEATING RETREAT

آج وجے چوک پر Beating Retreat Ceremony کی ریہرسل کی وجہ سے نئی دلّی کے کچھ حصوں میں ٹریفک سے متعلق کچھ پابندیاں عائد رہیں گی۔ ایک ٹریفک ایڈوائزری کے مطابق، شام چار بجے سے ساڑھے 6 ب جے تک عام ٹریفک کیلئے وجے چوک بند رہے گا۔ رائے سینا روڈ پر کرشی بھون کے نزدیک گول چکر سے وجے چوک کی طرف گاڑیوں کی نقل وحرکت پر بھی پابندی رہے گی۔ ریہرسل کے اوقات میں وجے چوک کی سمت میں داراشکوہ روڈ، کرشنا مینن مارگ اور سنہری مسجد کے گول چکروں سے آگے ٹریفک کو اجازت نہیں ہوگی۔ کرتویہ پتھ کراسنگ کی طرف جانے والے وجے چوک اور رفیع مارگ کے درمیان کا راستہ بھی مخصوص اوقات کے درمیان بند رہے گا۔x

## PRAGATI SPECIAL STORY

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015 میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی

سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اِس خصوصی سیریز کے تحت حیدرآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کا جائزہ لیں گے۔

پیش ہے ایک رپورٹ...... **VC / Anupam**

*حیدرآباد گزشتہ دو دہائیوں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی، ادویات، مینوفیکچرنگ اور خدمات میں تیز رفتار ترقی کے سبب بھارت کی سب سے زیادہ ابھرتی ہوئی میٹرو پالیٹن معیشت کے طور پر سامنے آیا ہے۔ حیدرآباد میٹرو ریل پروجیکٹ کا نظریہ شہری آمد ورفت میں آسانی فراہم کرنے کیلئے پیش کیا گیا تھا۔ 30 دسمبر 2015 کو وزیراعظم نریندر مودی کی جانب سے پرگتی کے تحت اعلیٰ ترین سطح پر اس کا جائزہ لیا گیا۔ پرگتی کے تحت دی گئی ہدایات کے سبب ایک اہم مرحلے میں پروجیکٹ کے کام میں تیزی آئی۔ اس کے نتیجے میں حیدرآباد میٹرو کا کام سبھی تین کاریڈور میں تال میل کے ساتھ آگے بڑھ پایا۔ آج حیدرآباد میٹرو کے سبب شہر کے سب سے بھیڑ بھاڑ والے کاریڈور میں سفر کے وقت میں نمایاں کمی ہورہی ہے۔ میٹرو نے حیدرآباد کی معاشی صورتحال کو بھی مستحکم کیا ہے۔*

*دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں......*

## G-4 UNSC REFORMS

جی-4 ممالک نے اقوام متحدہ سلامتی کونسل کو نئے سرے سے تشکیل دینے کے سلسلے میں جلد اقدامات کرنے کا ایک ماڈل پیش کیا ہے۔ گروپ نے خبردار کیا ہے کہ اقوام متحدہ کے فیصلہ سازی کے اعلیٰ ترین اصلاحات میں تاخیر سے انسانوں کو پہنچنے والی اذیت میں اضافہ ہوگا اور اُن کی صورتحال اور خراب ہوگی۔ بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کل نیویارک شہر میں اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر پر یو این سلامتی کونسل میں اصلاحات کیلئے بین حکومتی بات چیت میں جی-4 کی جانب سے یہ بات کہی۔ جناب ہریش نے کہا کہ جاری جنگوں میں ہر روز لاتعداد بے قصور جانیں ضائع ہورہی ہیں، لہذا عالمی برادری کو جلد کارروائی کرنی چاہیئے۔x

## GOLD SILVER PRICES FALL

بھارت کے صرافہ بازار میں سونے اور چاندی کی قیمت میں کمی آئی ہے، جبکہ پہلے اِن کی قیمت بہت زیادہ تھی۔ منافع وصولی، جغرافیائی، سیاسی حالات اور امریکی ڈالر کے مضبوط ہونے کو اِس کمی کی وجہ بتایا جارہا ہے۔ فروری کے مہینے کے کاروبار میں سونے کی قیمت میں تقریباً آدھے فیصد کی کمی آئی اور 10 گرام سونے کی قیمت ایک لاکھ 52 ہزار 168 روپے ہوگئی، جبکہ چاندی کی قیمت میں صفر اعشاریہ سات فیصد کی کمی آئی اور یہ تین لاکھ 16 ہزار 175 روپے فی کلوگرام ہوگئی۔x

**BADMINTON**

بھارت کی پی وی سندھو اور لکشیہ سین انڈونیشیا بیڈمنٹن ماسٹر ٹورنامنٹ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ لکشیہ سین نے مردوں کے سنگلز کے پری کوارٹر فائنل میں Jason Gunawan کو 21-10 ، 21-11 سے ہرایا۔
خواتین کے سنگلز میں، سندھو نے ڈنمارک کی Line Hojmark Kjaerfeldt کو 21-19 ، 21-18 سے شکست دی۔
اب سندھو کا مقابلہ چین کی Chen Yu Fei کے ساتھ ہوگا۔ x

**CRICKET-WPL**

خواتین پریمئر لیگ کرکٹ میں آج وڈودرہ کے BCA اسٹیڈیم میں ایک لیگ میچ میں یوپی واریئرس کا مقابلہ گجرات جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائے گا۔×

**AMRIT UDYAN-OPEN**

راشٹرپتی بھون کے احاطے میں واقع امرت اُدیان آئندہ ماہ کی تین تاریخ سے 31 مارچ تک عوام کیلئے کھولا جائے گا۔ پریزیڈنٹ سکریٹریٹ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ امرت اُدیان صبح 10 بجے شام 6 بجے تک کھلا رہے گا۔ پیر کے روز یہ رکھ رکھاؤ کے کام کیلئے بند رہے گا اور 4 مارچ کو ہولی کے موقع پر بھی بند رہے گا۔×

**TN-PIYUSH GOYAL**

BJP کے سینئر لیڈر اور مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ تمل ناڈو کے Maduranthakam میں کل وزیراعظم نریندر مودی کے عوام سے خطاب کے سلسلے میں اتحادیوں کے ساتھ بات چیت ہوئی ہے۔ آج ریاستی اپوزیشن رہنما اور AIADMK کے جنرل سکریٹری Edappadi Palanisamy کے ساتھ میٹنگ کے بعد چنئی میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ DMK کی عوام کو مخالفت کرنی چاہئے، کیونکہ وہ عوام مخالف اور ترقی مخالف ہے۔ انہوں نے Udhayanidhi اسٹالن کی سناتن مخالف رائے زنی پر تنقید کی اور انہوں نے لوگوں کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے اور ذہنوں میں تفریق پیدا کرنے کی ہائی کورٹ کی جانب سے مذمت کئے جانے کا بھی حوالہ دیا۔ انہوں نے، اُن کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کیا اور کہا کہ انہیں حکومت سے ہٹادیا جانا چاہئے۔×

**JHARKHAND MAOIST ENCOUNTER**

آج صبح جھارکھنڈ کے مغربی سِنگھ بھوم ضلع میں Saranda کے گھنے جنگلوں میں حفاظتی دستوں اور CPI ماؤ نوازوں

کے درمیان ایک جھڑپ ہونے کی خبر ملی ہے۔ **Chotanagra** تھانے کے تحت **CoBRA**، جھارکھنڈ **Jaguar** اور ضلع پولیس کی مشترکہ ٹیم کی کارروائی کے دوران یہ جھڑپ ہوئی۔ ابتدائی خبروں میں کہا گیا ہے کہ ماؤ نواز مارے گئے ہیں۔ اِس ٹکراؤ کے بعد باغی جنگل اور پہاڑی کھائیوں میں فرار ہوگئے، جبکہ حفاظتی دستوں نے علاقے میں تلاش کا کام شروع کردیا ہے۔

**NZ-LANDSLIDE**

نیوزی لینڈ کے **Bay of Plenty Region** میں واقع ایک **Holiday** پارک میں مٹی کے تودے گرنے کا ایک بڑا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے بعد بچوں سمیت بہت سے افراد لاپتہ ہوگئے ہیں۔ ہنگامی حالات سے نمٹنے والے محکمے کے وزیر **Mark Mitchell** نے بتایا ہے کہ **Beachside Holiday Park** میں بچاؤ اور تلاش کا کام جاری ہے۔ وہاں موسلادھار بارش ہونے اور شمالی جزیرے کے بیشتر حصوں میں سیلاب آنے کے نتیجے میں ہزاروں لوگ بجلی سے محروم ہوگئے۔ نیوزی لینڈ کے وزیرِ اعظم **Christopher Luxon** نے متاثرہ علاقوں کے عوام پر زور دیا ہے کہ وہ انتہائی خراب حالات کے دوران مقامی حکام کے حفاظتی اقدامات پر عمل کریں۔**x**

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆